ادارہ

# اظہار تشکر بنام تعزیت کنندگانِ محترم

محترم المقام صد احترام زیدت معالیکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! آپ حضرات نے محدث جلیل شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق شہید رحمۃ اللہ علیہ کے حادثہ فاجعہ وشہادت عظمٰی پر جو تعزیت نامہ ارسال فرمایا اور حقانی خاندان کے ساتھ جس غم و اندوہ کے حالات میں محبت و اخلاص کا اظہار فرمایا ہے اس پر تہہ دل سے ممنون و شکر گزار ہوں۔ یہ صدمہ صرف حقانی خاندان، جامعہ حقانیہ کے اساتذہ وطلبا اور علماء کرام کا ہی نہیں بلکہ پورے عالم اسلام کے علمی برادری کا صدمہ ہے، حضرت شیخ الحدیث شہیدؒ کو شہادت مطلوب و مقصود تھی وہ تو اپنی تمنا پا کر فائز المرام ہو گئے مگر اپنی نسبی اولاد کے ساتھ ساتھ اپنے روحانی ابناء ،طلباء، علما اور اہل اسلام کے دردمند افراد کو بھی یتیم چھوڑ گئے۔

آپ کے پیغام اور تعزیتی مکتوب سے بے حد حوصلہ، تسلی اور اطمینان قلبی حاصل ہوا، خصوصاً جو حضرات بذات خود دارالعلوم تعزیت کے لئے دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے اور ہمارے غم میں شریک ہوئے، امید ہے آئندہ بھی اپنی تشجیعات سے نوازتے رہئے گا، حضرت شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ کے ایصال ثواب، دعائے مغفرت کا اہتمام جاری رکھئے، ہمارے تمام حقانی خاندان کیلئے صبر و حوصلہ اور استقامت اور حضرت شیخ شہیدؒ کے مشن کو زندہ و تابندہ رکھنے کی صلاحیت اور توفیق کی دعائیں فرمائیں۔ رب رحیم و کریم آپ حضرات کو اس قدر محبت و الفت، ہمدردی و شفقت اور تعزیت و تسلی کے ایک ایک لفظ پر کروڑہا اجر و ثواب عطا فرمائیں۔

واجرکم علی اللہ

والسلام

(مولانا) محمد انوار الحق حقانی
مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

(مولانا) حامد الحق حقانی
نائب مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

(مولانا) راشد الحق سمیع
مدیر الحق جامعہ دارالعلوم حقانیہ